بسم الله الرحمن الرحيم

تخريج حديث (النكاح من سنتي)

سوال : (النكاح من سنتي ، فمن رغب عن سنتي فليس مني) کے تعلق سے کوئی تحقیقی مضمون ہو تو عنایت فرمائیں۔

الجواب بعون الملك الوهاب:

اس سلسلہ میں جو روایات وارد ہیں وہ پہلے ملاحظہ فرمائیں :

١- " أمَا وَاللهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِله وَأَتْقَاكُمْ لَهُ، لَكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ، وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ، **وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي**". متفق عليه من حديث أنس بن مالك رضي الله عنه.

٢- "لكني أصومُ وأُفطِرُ، وأُصلِّي وأنامُ، **وأَمَسُّ النِّساءَ، فَمَنْ رغِبَ عن سُنَّتي فليس منِّي**" .

مسند أحمد [٦٤٧٧] من حديث عبد الله بن عمرو رضي الله عنه بإسناد صحيح .

٣ -عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : "**النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي**، وَتَزَوَّجُوا فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ، وَمَنْ كَانَ ذَا طَوْلٍ فَلْيَنْكِحْ، وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَعَلَيْهِ بِالصِّيَامِ ؛ فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ ". ابن ماجه [١٨٤٦] .

قال الشيخ شعيب : إسناده ضعيف جدًا، عيسى بن ميمون -وهو المدني- متروك الحديث. وقوله: "النكاح من سنتي، فمن لم يعمل بسُنتي فليس مني" يغني عنه حديث أنس بن مالك عند البخاري (٥٠٦٣)، ومسلم (١٤٠١)، وهو في "مسند أحمد" (١٣٥٣٤)، ولفظه: "أما والله إني لأخشاكم لله وأتقاكم له، لكني أصوم وأفطر، وأصلي وأرقد، وأتزوج النساء ، فمن رغب عن سنتي فليس مني".

٤ -عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه في قصة عثمان بن مظعون رضي الله عنه ، أن النبي صلى الله عليه وسلم قال له : "إِنَّ مِنْ سُنَّتِي أَنْ أُصَلِّيَ وَأَنَامَ، وَأَصُومَ وَأَطْعَمَ، وَأَنْكِحَ وَأُطَلِّقَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي." الدارمي [٢٢١٥] بإسناد صحيح .

٥ - "إِنَّ سُنَّتَنا النكاحُ، شِرارُكم عُزَّابُكم ..." أخرجه أحمد (٢١٤٥٠)، وعبدالرزاق في المصنف (١٠٣٨٧) بإسناد فيه ضعف واضطراب من حديث أبي ذر رضي الله عنه ، وورد أيضا من حديث عطية بن بسر رضي الله عنه .

٦- وفي سنن سعيد بن منصور (١/ ١٦٣) ومصنف عبد الرزاق (١٠٣٧٨) عَنْ عُبَيْدِ بْنِ سَعْدٍ مرسلا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ أَحَبَّ فِطْرَتِي فَلْيَسْتَنَّ سُنَّتِي، وَمِنْ سُنَّتِي النِّكَاحُ» . ورَوَاهُ ابْن عدي فِي "الْكَامِل" عَن أبي حرَّة وَاصل بن عبد الرَّحْمَن عَن الْحسن عَن أبي هُرَيْرَة رضي الله عنه مرفوعا بسند ضعيف .

٧- عن أبي أَيُّوب رَضِيَ اللهُ عَنْه رَفعه : «أَربع من سنَن الْمُرْسلين: الْحيَاء، والتعطر، والسواك، وَالنِّكَاح» . رَوَاهُ التِّرْمِذِيّ [١٠٨٠] وَقَالَ: حسن غَرِيب.

الخلاصہ:

پہلی بات:

حدیث کا پہلا جملہ: [النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي] روایت نمبر (۳) میں لفظا،اور (۵،٦) میں معنی وارد ہے۔

روایت نمبر (۵) میں: [إنَّ سُنَّتَنا النكاحُ] ہے۔

روایت نمبر (٦) میں: [وَمِنْ سُنَّتِي النِّكَاحُ] ہے۔

اور حدیث کا دوسرا جملہ دو الفاظ سے وارد ہے:

[فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] روایت نمبر (۱،۲،۴) میں وارد ہے۔

[فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] ابن ماجہ کی روایت نمبر (۳) میں ہے۔

دوسری بات:

دونوں جملوں [النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] کو ملا کر بیان کرنے میں تین طرح کی غلط فہمیاں ہوتی ہیں:

۱۔ یہ مکمل ایک ہی حدیث کے الفاظ ہیں۔

۲۔ ایک ہی صحابی کی روایت سے وارد ہیں۔

۳۔ دونوں الفاظ صحت کے اعتبار سے ایک درجہ کے ہیں۔

حالانکہ حقیقت حال جیسا کہ روایات کی تفصیل سے معلوم ہو گیا کہ یہ دونوں الگ الگ روایات کے الفاظ ہیں، راوی بھی الگ ہیں، اور صحت کے اعتبار سے بھی فرق ہے۔

تیسری بات:

لہذا بیان کرنے والے کے لئے چار صورتیں ہیں:

۱۔ پہلی صورت: دونوں ٹکڑے [النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] کو ملا کر بیان کرے، لیکن بیچ میں [وقال] بڑھادے، اس طرح:

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: [النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي] وقال: [فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] ۔

(وقال) کے اضافہ سے اشارہ ہو جائے گا کہ دوسرا جملہ دوسری حدیث کا ٹکڑا ہے۔ مگر یہ دقیق نکتہ ہر ایک کے سمجھ میں نہیں آئے گا، اس لئے غلط فہمی برقرار رہے گی۔

۲۔ دوسری صورت: ابن ماجہ کی روایت کے الفاظ پڑھ دے: [النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] کیونکہ وہ ایک ہی روایت کے الفاظ ہیں، اور معنی کے اعتبار سے مشہور الفاظ کے قریب بھی ہیں۔

۳۔ تیسری صورت: صحیحین کی روایت کو عام کرے: [وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي]۔

۴۔چوتھی صورت: صاف صاف دونوں روایتوں کوواضح کرکے بیان کرے،تاکہ سننے والوں کواصل الفاظ معلوم ہوں، اور غلطی کی اصلاح ہو۔

عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال:[وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي] ۔

وعن عائشہ رضی اللہ عنہا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال:[النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي، فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي]۔

وآخر الصور عندي أفضلها ، ثم التي قبلها ، ثم التي قبلها ، ثم التي قبلها. وأنت بالخيار .

جمعه ورتبه العاجز محمد طلحة بلال أحمد منيار